تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April, 9, 2025

پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مستقبل کے کیریئر کے لیے جدید ہنر کا مرکز لانچ کیا**

یونیورسٹی پولی ٹکنک میں سینٹر فار ایکسے لینس فار پروفیشنل اسکل ڈولپمنٹ کا افتتاح

تکنیکی تعلیم کی کایا کلپ کے سلسلے میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آٹھ اپریل دو ہزار پچیس کو یونیورسٹی پولی ٹکنک میں برانڈ نیو سینٹر فار ایکسے لینس فار پروفیشنل اسکل ڈولپمنٹ کی نقاب کشائی کی۔ممتاز تعلیمی ہستیوں،صنعت کے اہم قائدین اور پرجوش طلبہ کی موجودگی میں عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف نے جدید ترین سہولیات سے آراستہ سینٹر کا مبارک افتتاح کیا اوراس موقع پر صنعت سے ہم آہنگ اور مستقبل کے لیے تیار کرنے والی تعلیم کے فروغ کے تیئں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے عہد کو اجاگر کیا۔

افتتاح کے پرجوش پروگرام میں پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی (مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ)، پروفیسر منی شاجی تھامس (ڈین ،فیکلٹی آف انجینئرنگ) اور جناب سدرشن نارائن ،ڈائریکٹر کیریئر ایئر کنڈیشننگ لمٹیڈ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بیش قیمت انڈسٹری کنٹر یبوٹر سمیت ممتاز مندوبین کی موثر تقریریں ہوئیں۔

ڈاکٹر ایم۔اے۔خان کارگزار پرنسپل یونیورسٹی پولی ٹکنک نے تعلیم اور صنعت کے ابھرتے مطالبات اور عالمی تکنیکی رجحانات کے درمیان فاصلے کو کم کرنے میں سینٹر کے اہم رول کو اجاگر کرتے ہوئے حاضرین کا خیر مقدم کیا۔جدید ایئر کنڈیشنگ کے روح رواں اور کیریئر کے بنیاد گزار ولیس کیریئر کی جدتوں کا سراغ لگاتے ہوئے جناب نارائن نے صنعت کا نظریہ حاضرین کے روبرو پیش کیا۔تعلیم اور انڈسٹری کے امتزاج کی انقلاب آفریں قوت سے پروگرام کی رونق میں چار چاند لگ گئے جس میں پروفیسر منی تھامس نے ملازمت کے لیے تیار گریجویٹ پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ پروفیسر رضوی نے سینٹر کو جدت، مہارت سازی اور جامع ترقی و بہبود کے لیے لانچنگ پیڈ بتایا۔

پروفیسر مظہر آصف نے اپنی صدارتی گفتگو میں اس پہل کی ستائش کرتے ہوئے اسے ہنرمند اور سماجی طور پر ذمہ دار پروفیشنل کے نسل کی نشو ونما کے تیئں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے عہد کے لیے بنیاد کا پتھر قرار دیا۔

اس موقع کی یادگار کے لیے مندوبین کی خدمت میں مومنٹو پیش کیے گئے اور جناب شاداب اور ڈاکٹر سجیت رنجن سمیت کیریئر ایر کنڈشننگ لمٹیڈ کا خصوصی شکریہ ادا کیا گیا۔قومی ترانے کی نغمہ سرائی کے ساتھ پروگرام کا اختتام ہوا جس کے بعد یونائیٹڈ وے دہلی (یوڈبلیوڈی) کے ڈاکٹر رنجن نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔واضح ہو کہ یہ سینٹر کی ترقی و بہبود میں ایک اہم ساجھیدار ہے۔یہ نو افتتاح شدہ سینٹر فار ایکسے لینس صرف جامعہ کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت نہیں رکھتا بلکہ یہ نوجوانوں کی خودمختاری، صنعت کی شمولیت اور سماجی ومعاشی تبدیلی کے لیے لانچنگ پیڈ بھی ہے۔

**تعلقات عامہ دفتر**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی**